# بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ

# Bihar State Madrasa Education Board

5,Vidyapati Marg Patna-800001

## فوقانیہ ومولوی امتحانات کے رجسٹریشن کی تاریخ میں 25 اگست تک توسیع : دلشاد مستقیم، ناظم امتحانات

پٹنہ:10 اگست (پریس ریلیز)

جناب دلشاد مستقیم، کنٹرولر آف اکزامنیشن، بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ نے بحکم چیئرمین درجہ فوقانیہ ومولوی معیار کے مدارس ملحقہ کے صدر المدرسین، گارجین حضرات اور طلبا وطالبات کو مطلع کیا ہے کہ فوقانیہ ومولوی امتحانات 2026 کے رجسٹریشن کیلئے 10 اگست تک کی تاریخ مقرر تھی لیکن متعلقین کے گذارشات اور ریاست بہار میں باڑھ کے حالات کو دیکھتے ہوئے چیئرمین محترم کے ذریعہ 25 اگست تک رجسٹریشن فارم اور آزاد امیدوار کیلئے پرائیویٹ پرمیشن حاصل کرنے کی تاریخ میں توسیع کا حکم دیا گیا ہے ساتھ ہی طلبا و طالبات کے مستقبل کو دیکھتے ہوئے بنات مدرسہ میں گزشتہ برسوں کی طرح امسال بھی فارم بھرنے کی اجازت دی ہے۔اس لئے چیئرمین محترم کے حکم کے مطابق فوقانیہ ومولوی کے رجسٹریشن اور پرائیوٹ پرمیشن کی تاریخ میں 25 اگست 2025 تک توسیع کردی گئی ہے، اب تک جنہوں نے اپنا رجسٹریشن اور پرائیویٹ پرمیشن حاصل نہیں کیا ہے وہ جلد از جلد اپنا رجسٹریشن اور پرائیویٹ پرمیشن حاصل کرنا یقینی بنائیں، بصورت دیگر فارم بھرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی۔

دلشاد مستقیم، کنٹرولر آف اکزامنیشن نے بحکم چیئرمین یہ بھی واضح کیا ہے کہ بنات مدارس گزشتہ سال کی طرح امسال بھی فارم بھر سکتے ہیں، بنات مدارس میں لڑکیوں کے فارم بھرنے کے شرط کو فی الوقت ملتوی کر دیا گیا ہے۔مزید انہوں نے یہ بھی کہا کہ مذکورہ کارروائی کیلئے تاریخ میں مزید اضافہ کی امید نہ رکھتے ہوئے فوراً تمام کارروائی مکمل کریں، تاکہ آپ آئندہ 2026 کے امتحان میں شامل ہوسکیں۔قبل میں بھی واضح کیا جاچکا ہے کہ امتحان کا انعقاد اکیڈمک کیلنڈر کے مطابق مقررہ وقت پر ہی ہوگا۔

دلشاد مستقیم، کنٹرولر آف اکزامنیشن نے تمام ملحقہ مدارس کے صدر المدرسین ومدارس کے ذمہ داران کو خصوصی طور پر حسب الحکم ہدایت دی ہے کہ مدارس کے معیار کے مطابق مقرر حد سے کم طلبا وطالبات کا رجسٹریشن فارم بھرے جانے کی صورت میں ایسے مدارس کے صدر مدرس کے خلاف کاروائی ہوگی ساتھ ہی جن مدارس کے ذریعہ فارم نہیں بھرا جائے گا ان کے الحاق کو رد کرنے پر دفتر کے ذریعہ غور کیا جاسکتا ہے جس کے ذمہ دار مدارس کے صدر المدرسین ہوں گے۔

(دلشاد مستقیم)

کنٹرولر آف اکزامنیشن

بہار اسٹیٹ مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، پٹنہ